**03.02.2026**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. فیصل خان

**Music**

---------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان، تجارتی معاہدے سے، عالمی تجارتی مذاکرات کے تئیں حکومت کے لگاتار اور محتاط طریقہ کار کی عکاسی ہوتی ہے۔

☆ کئی مرکزی وزیروں نے، بھارت-امریکہ سمجھوتے کو، مفید سمجھوتہ قرار دیا ہے۔صنعتی اداروں نے کہا ہے کہ اِس سے دوطرفہ تجارت کو فروغ حاصل ہوگا اور روزگار کے موقعے فراہم ہوں گے۔

☆ لوک سبھا کی کارروائی، اپوزیشن ارکان کی ہنگامہ آرائی کے سبب، دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔

☆ مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے، مہاراشٹر کے علاقے پال گھر میں، ممبئی-احمدآباد بلٹ ٹرین کیلئے، دوسری پہاڑی سرنگ کی تعمیر کے کام میں، پیش رفت کا اعلان کیا ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے، **Meta** کو خبردار کیا ہے کہ وہ، ٹیکنالوجی کی بڑی کمپنیوں کو، بھارتی افراد کا ڈیٹا، دیگر اداروں کو دستیاب نہ کرائے۔

☆ اور...... خواتین کے پریمیر لیگ کرکٹ میں، گجرات جائنٹس کا مقابلہ آج شام وڈودرا میں، **Eliminator** میچ میں ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM NDA Meeting**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ امریکہ کے ساتھ بھارت کا اہم معاہدہ، لگاتار صبر و استقلال کا نتیجہ ہے۔ اُنہوں نے یہ بات آج پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ میں، **NDA** کے ارکانِ پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

ذرائع نے بتایا کہ جناب مودی نے کہا کہ تجارتی سمجھوتے سے، ایک اقتصادی ماحول پیدا ہوا ہے اور اِس سے، عالمی تجارتی مذاکرات کے تئیں، حکومت کے لگاتار اور محتاط طریقہ کار کی عکاسی ہوتی ہے۔

اُنہوں نے کہا کہ اپوزیشن نے محصولات پر نکتہ چینی کی ہے، لیکن حکومت نے صبر و استقلال سے کام لیا، جس کے نتیجے سامنے ہیں۔

وزیراعظم نے کہا کہ عالمی نظام میں تبدیلی آرہی ہے اور اِس کا رُخ تیزی سے بھارت کی طرف بڑھتا جارہا ہے۔×

**PM Modi US Prez**

وزیراعظم نریندر مودی نے اعلان کیا ہے کہ میڈ اِن انڈیا مصنوعات پر امریکی محصولات کو کم کر کے 18 فیصد کردیا گیا ہے۔ انہوں نے یہ اعلان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے بات چیت کے بعد سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اپنے عزیز دوست صدر ٹرمپ سے بات کرنا بے حد خوشگوار رہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب دنیا کی دو بڑی معیشتیں اور سب سے بڑی جمہوریتیں مل کر کام کرتی ہیں، تو اِس سے عوام کو کافی فائدہ ہوتا ہے اور باہمی فائدے کیلئے بے پناہ موقعے فراہم ہوتے ہیں۔x

**IND - US Trade Deal - All Minister**

مرکزی وزراء امت شاہ، ڈاکٹر ایس جے شنکر، راج ناتھ سنگھ، اشونی ویشنو، پیوش گوئل، کرن ریجیجو، نتن گڈکری اور انآ پورنا دیوی نے بھارت - امریکہ تاریخی تجارتی سمجھوتے پر وزیرِ اعظم نریندر مودی اور امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور بھارت اور امریکہ کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں، اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے تاریخی تجارتی معاہدے کو دونوں کیلئے فائدہ مند قرار دیا ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ بھارت اور امریکہ میں ایک ساتھ مل کر امن اور ترقی کیلئے کام کرنے کی کافی صلاحیت موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے شہریوں اور صنعتوں کو اِس معاہدے سے کافی فائدہ ہوگا۔ x

**CAIT Reax India US Trade**

کُل ہند ٹریڈرس کی کنفیڈریشن CAIT نے بھارت-امریکہ تجارتی معاہدے کو سراہا ہے اور اِسے دنیا کی دو سب سے بڑی جمہوریتوں کے درمیان اقتصادی رشتوں کو مضبوط کرنے کی سمت میں ایک تاریخی قدم قرار دیا ہے۔ CAIT کے سکریٹری جنرل پروین کھنڈیلوال نے کہا کہ اِس معاہدے سے دو طرفہ تجارت کو بڑھانے اور زیادہ سرمایہ کاری کو فروغ دینے مدد ملے گی اور خاص طور سے بھارت کے MSMEs، اسٹارٹ اَپس اور مینوفیکچرنگ کے شعبے میں بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ x

**NSE India US Trade**

بھارت کے نیشنل اسٹاک ایکسچینج کے مینجنگ ڈائریکٹر اور CEO آشیش کمار چوہان نے آج بھارت-امریکہ تجارتی معاہدے کی ستائش کی ہے اور اِسے جدت طرازی کا ایک انجن قرار دیا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے، جناب چوہان نے کہا کہ یہ معاہدہ ٹیکنالوجی، لیبر اور الیکٹرانکس کی برآمدات کے اعتبار سے دونوں ملکوں کیلئے فائدہ مند ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس معاہدے سے صنعت، خدمات اور IT کے شعبوں کو فائدہ پہنچنے کے ساتھ ساتھ وینیزوئیلا کے تیل تک رسائی حاصل ہوگی۔ x

**LS Adjourn**

لوک سبھا کی کارروائی، اپوزیشن ارکان کی ہنگامہ آرائی کے سبب، دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ آج پہلی بار کارروائی میں رکاوٹ آجانے کے بعد، جب دوپہر 12 بجے دوبارہ کام کاج شروع ہوا تو اپوزیشن پارٹیوں نے نعرے بازی جاری رکھی، جس کی وجہ سے یہ کارروائی دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔

اِس سے پہلے جب دن میں **11** بجے ایوان کی کارروائی شروع ہوئی، تو لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے، سابق ممبر پارلیمنٹ **Surupsing Hirya Naik** کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ اِس دوران ایوان میں آنجہانی رہنما کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے کچھ دیر کی خاموشی بھی اختیار کی گئی۔

اِس کے بعد لوک سبھا کے اسپیکر نے، وقفہ سوالات شروع کیا، جس کے بعد داخلی امور کے وزیرِمملکت نتیانند رائے نے **CAPF** تربیتی ادارے کے بارے میں ایک سوال کا جواب دینے کی کوشش کی، لیکن اپوزیشن کی جانب سے ہنگامے کے سبب وہ اپنا جواب پورا نہ کرسکے۔

جناب برلا نے اپوزیشن ارکان کے رویے پر تشویش کا اظہار کیا اور اُن سے ایوان کی کارروائی چلنے دینے کی درخواست کی۔

اپوزیشن ارکان نے اپنا اپنا احتجاج جاری رکھا، جس کی وجہ سے ایوان کی کارروائی دوپہر **12** بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی تھی۔

**S/B: Om Birla**

## NDA Parliamentary Party

**NDA** کے ارکانِ پارلیمنٹ نے آج پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں **NDA** پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ کے دوران بھارت-امریکہ تاریخی معاہدے کیلئے، وزیرِ اعظم نریندر مودی کو مبارکباد دی۔ **BJP** کے قومی صدر نتن **Nabin** کا بھی میٹنگ میں باضابطہ خیرمقدم کیا گیا۔ مرکزی وزراء امت شاہ راج ناتھ سنگھ، جے پی نڈا، اشونی ویشنو، بھوپندر یادو، لوک جن شکتی پارٹی کے **MP** چراغ پاسوان، **AIADMK** کے ایم پی ایم تھمبی دورئی، **NCP** کے ایم پی پرفل پٹیل، اپنا دَل **(S)** کی ایم پی انوپریہ پٹیل اور **NDA** کے دیگر ارکانِ پارلیمنٹ میٹنگ میں موجود تھے۔

میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے، پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجیجو نے کہا کہ امریکہ کے ساتھ تجارتی معاہدہ ایک تاریخی قدم ہے اور یہ بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی سمجھوتے پر دستخط کئے جانے کے ایک ہفتے کے اندر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت کے تحت سبھی ترقی یافتہ ممالک، بھارت کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہتے ہیں۔ جناب ریجیجو نے بتایا ہے کہ اب تک **39** ملکوں کے ساتھ آزاد تجارتی سمجھوتوں پر دستخط کئے جاچکے ہیں۔

**SB - Kiren Rijiju**

**NDA** پارلیمانی میٹنگ میں **BJP** کے نو منتخب قومی صدر نتن **Nabin** کو بھی مبارکباد پیش کی گئی۔ **x**

## Nadda US Trade Deal

راجیہ سبھا میں ایوان کے رہنما اور مرکزی وزیر جے-پی-نڈا نے، اپوزیشن، خاص طور پر کانگریس کی نکتہ چینی کی ہے کہ اُس نے، بھارت-امریکہ محصول کی تفصیلات کا مطالبہ کیا ہے۔ اُنہوں نے کہا ہے کہ حکومت، بھارت-امریکہ تجارتی معاہدے کی پوری تفصیلات جلد ہی پیش کرے گی۔ ایوان کی کارروائی میں مختصر طور پر مداخلت کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ متعلقہ وزیر، اِس معاہدے کے بارے میں پوری تفصیلات پیش کریں گے اور حکومت اِس معاملے پر جلد، خود ہی بیان دے گی۔

جناب نڈا نے یہ رائے زنی ایوان میں اپوزیشن کی طرف سے کی گئی ہنگامہ آرائی اور اِس مطالبے کے بعد کی، کہ مودی حکومت، پارلیمنٹ کو اعتماد میں لے اور یوروپی یونین اور امریکہ کے تجارتی معاہدوں کے متن، دونوں ایوانوں میں پیش کئے جائیں۔ اِس مطالبے پر جناب نڈا نے مزید کہا کہ حکومت، بھارت اور امریکہ کے درمیان تجارتی معاہدے پر، ایوان میں تفصیلی بحث کیلئے تیار ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت، اپوزیشن کے اِس معاہدے سے متعلق، سبھی سوالوں کا جواب دینے کیلئے تیار ہے۔

**S/B: Nadda**

**Vaishnav Tunnel**

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج مہاراشٹر کے پال گھر میں ممبئی - احمدآباد تیز رفتار ریل پروجیکٹ کے دوسرے پہاڑ سے کامیابی کے ساتھ راستہ بنائے جانے کا اعلان کیا۔ یہ ملک کی Bullet ٹرین کیلئے کاریڈور بنائے جانے کی سمت میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب ویشنو نے تیز رفتاری سے کام کرنے کیلئے پوری ٹیم کی ستائش کی اور کہا کہ پوری دنیا، بھارت کے پہلے تیز رفتار ریل پروجیکٹ کو دیکھ رہی ہے۔x

**SC META Vs CCI**

سپریم کورٹ نے آج کہا ہے کہ ٹیکنالوجی کی کمپنیاں ڈاٹا شیئرنگ کے نام پر شہریوں کے پرائیویسی کے حق سے کھلواڑ نہیں کرسکتیں۔ عدالت نے پرائیویسی پالیسی کے معاملے پر 213 کروڑ 14 لاکھ روپے جرمانہ عائد کئے جانے کے بھارت کے کمپٹیشن کمیشن کے حکم کے خلاف اپیلوں کی سماعت کرتے ہوئے، Meta اور WhatsApp کی شدید تنقید کی۔ چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس جوئے مالا باگچی اور وِپول ایم Pancholi پر مشتمل ایک بینچ نے کہا کہ وہ 9 فروری کو عبوری حکم جاری کرے گی۔ عدالت نے یہ بھی ہدایت دی کہ الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت کو عرضداشتوں کا ایک فریق بنایا جائے۔ حکومت کی طرف سے سالیسیٹر جنرل تُشار مہتہ نے کمرشیل مقاصد کیلئے صارفین کے ڈاٹا کو شیئر کرنے کے استحصال کے طریقے کی نکتہ چینی کی۔

اِس کا جواب دیتے ہوئے، چیف جسٹس نے کہا کہ اگر آئین پر عمل نہیں کیا جاسکتا تو ایسے لوگوں کو بھارت چھوڑ دینا چاہیئے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ شہریوں کی پرائیویسی سے سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ x

**Prez Odisha Visit**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج اڈیشہ کے جاج پور ضلعے میں ماں Biraja مندر میں پوجا ارچنا کی۔ یہ ملک کے 18 شکتی پیٹھ میں سے ایک ہے۔ انہوں نے مندر کمپلیکس کے اندر واقع مقدس Nabhi Gaya کے مقام پر پِنڈ دان بھی کیا۔ صدرِ جمہوریہ کا اڈیشہ دورے کا آج دوسرا دن ہے۔ درشن کے بعد صدرِ جمہوریہ مرمو، Fakir موہن یونیورسٹی کی 12ویں تقسیمِ اسناد تقریب میں شرکت کیلئے بالاسور روانہ ہوگئیں۔x

**Civil Aviation Budget**

شہری ہوا بازی کی وزارت نے 2026-27 کے مرکزی بجٹ کی تعریف کی ہے۔ وزارت نے زور دے کر کہا ہے کہ اِس سے ملک کے ہوا بازی کے شعبے کو خودکفیل بنانے میں مدد ملے گی۔ وزارت نے کہا کہ ہوائی جہاز اور بھارتی کُل پرزوں پر، کسٹمز کی بنیادی ڈیوٹی میں چھوٹ دینے سے، ہوائی جہاز، ملک میں ہی تیار کرنے کے کام کو خاطرخواہ فروغ حاصل ہوگا۔

آکاشوانی کے خبروں کے شعبے سے، شہری ہوابازی کے سکریٹری سمیر سنہا نے خاص بات چیت میں کہا کہ کُل پرزوں کی دیکھ بھال، مرمت پر کسٹم ڈیوٹی میں چھوٹ کو، 2028 تک توسیع دینے سے، بھارت کو ہوائی جہازوں کی دیکھ بھال کا ایک عالمی مرکز بنانے کے مقصد کو استحکام حاصل ہوگا۔

اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ اِن اقدامات سے لاگت میں کمی آئے گی، ہنرمند لوگوں کیلئے روزگار کے موقعے پیدا ہوں گے اور ہوا بازی کے عالمی ایکو نظام میں، بھارت کی مقابلہ جاتی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔x

## WB-ED Raid

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ آج مغربی بنگال میں کئی جگہوں پر چھاپے مار رہی ہے۔ وہ دُرگاپور میں **ایک تاجر** Prabir Datta کے گھر پر چھاپے مار رہی ہے، جو کوئلے اور ریت کی تجارت کرتے ہیں۔

**ایک** الگ کارروائی میں بُدبُد پولیس اسٹیشن کے SHO منورنجن منڈل کے گھر پر بھی چھاپے مارے جارہے ہیں۔ ڈائریکٹوریٹ، کوئلے کی ناجائز تجارت کے کیس میں آسنسول قصبے کے جموریہ علاقے میں **ایک تاجر** کے گھر پر بھی چھاپے مار رہا ہے۔×

## Sabarimala-Protest

تروانت پورم میں، کیرالہ قانون ساز اسمبلی کی کارروائی میں آج کئی بار رُکاوٹ آئی، کیونکہ **اپوزیشن** نے سَبری مالا گولڈ کیس کے معاملے پر احتجاج کیا۔ نگراں عملے نے **اپوزیشن** کے **ایک** MLA کو، اُن کی جگہ سے ہٹایا، جنھوں نے اسپیکر کی نشست پر پہنچنے کی کوشش کی تھی۔

اسی دوران **اپوزیشن** کے دو MLAs، اسمبلی عمارت کے سامنے دھرنا دیتے رہے ہیں اور وزیر ایم بی راجیش کے استعفے کا مطالبہ کرتے رہے۔×

## Uttarakhand Bus Accident

اتراکھنڈ میں ہماچل روڈ ویز کی **ایک** بس دہرہ دون کے Kalsi علاقے میں **ایک** گہری کھائی میں گر گئی۔ خبروں کے مطابق بس میں تقریباً 30 مسافر سفر کررہے تھے۔ بچاؤ ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچ گئی ہیں اور امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔x

## Cricket - WPL

خواتین کے پریمیئر کرکٹ لیگ میں آج وڈودرہ کے Kotambi میں BCA اسٹیڈیم میں اہم Eliminator میچ میں گجرات **جائنٹس** کا مقابلہ دہلی کیپٹلس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ اس میچ کی فاتح ٹیم کا مقابلہ جمعرات کو **فائنل** میچ میں رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆